صفات کی ضرورت ہے ان چیزوں میں سے کسی پر کوئی گفتگو نہیں ہے اس لئے اس کتاب کے تبصرہ میں ہم بھی اس پر کوئی کلام کرنا نہیں چاہتے البتہ "جامع المجددین" نامی حصہ کے مطالعہ کے بعد اس پر گفتگو ہوسکتی ہے۔ بہرحال یہ کتاب اسلامی تصوف وسلوک کی انسائیکلو پیڈیا ہے اور عوام وخواص ہر ایک کے مطالعہ کے لائق ہے۔

نورالرحمٰن تقطیع متوسط ضخامت ۱۹۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد تین روپئے پتہ:- اردو بک ڈپو بچھراؤں ضلع مرادآباد

مولانا شاہ عبدالرحمٰن صاحب موحد لکھنوئیؒ تیرھویں صدی ہجری کے مشہور صاحب حال وقال بزرگ تھے آپ کا خاندان عرب سے منتقل ہو کر سندھ میں آباد ہوگیا تھا مولانا شاہ عبدالرحمٰن صاحب طلب علم اور مزاراتِ اولیائے کرام کی زیارت اوران سے اکتساب فیض کے شوق میں وطن سے روانہ ہوئے اور آخرکار ہندوستان کے طول وعرض میں عرصہ دراز تک سیاحت کرنے کے بعد لکھنؤ میں آکر مقیم ہوگئے اور باطنی ارشاد وہدایت کا فیضان عام کردیا جس سے مسلمانوں کو عموماً اور بعض ہندوؤں کو بھی بڑا فائدہ پہنچا حضرت شاہ صاحب کی وفات کے بعد آپ کے مرید خاص مولوی نوراللہ صاحب نے حضرت کے سوانح وحالات اور ملفوظات وارشادات پر انوارالرحمٰن کے نام سے ایک کتاب فارسی زبان میں لکھی تھی لیکن چونکہ اب فارسی کا مذاق مفقود ہوتا جاتا ہے اور پھر اصل فارسی نسخہ عام طور پر دستیاب بھی نہیں ہوتا تھا اس لئے مولوی نورالرحمٰن صاحب بی۔اے (علیگ) نے جو غالباً اسی خانوادہ سے وابستہ ہیں افادہ عام کی غرض سے انوارالرحمٰن کا ملخص اردو ترجمہ خود اپنے نام سے بطور براعت استہلال کے شائع کردیا ہے حضرت شاہ صاحب کے حالات سوانح ایک مستقل درس اخلاق وحکمت ہیں جن کے مطالعہ سے آنکھوں میں نور اور قلب میں سرور پیدا ہوتا ہے۔ البتہ کلمہ طیبہ کی تشریح اور وحدت الوجود کی حقیقت کے متعلق حضرت شاہ صاحب کا جو بیان اس میں درج ہے وہ عوام کے کام کا ہرگز نہیں اور خواص میں بھی چند خاص اہل فن ہی اس کی نکتہ آرائی سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ترجمہ اس قدر صاف سلیس اور شگفتہ دلچسپ ہے